Kali Ghata

ہندوستان چیتر کا شاندار نیا ڈرامہ

30

کالی گھٹا

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

بیل ٹرے

اداکاران:۔ کشور ساہو۔ آشا مترا۔ جیون۔ گوپ۔ الیاس۔ وغیرہ

گانے
کالی گھٹا کے

نمبر ۱

دل میں تُو میرے دل میں تُو۔ سپنوں کی محفل میں تُو
ناچے جوانی دُھن ہے پیار کی۔ ایسی خوشی میں مزے لے لیے
رات سُہانی ہے کیا نظارے ہیں۔ چاندنی ہنسی وہ ہمارے ہیں
حُسن پیار کا خود دیوانہ ہے۔ چھایا نشہ دل دیوانہ ہے۔ دل میں ادی
بات کو سمجھ دل کا راز ہے۔ پیار کیا ہے پوچھ بہار ہے
سامنے تُو ہم کو ناز ہے۔ یہ ناز ہے
دل میں تُو میرے دل میں تُو

نمبر ۲

ہم سے نہ پُوچھ کوئی پیار کیا ہے
پیار کیا ہے پوچھو بہار سے
ہنس ہنس کے دل دینے میں جیت گیا ہے۔ ہار کیا ہے

انگڑائی لی ہے میرے دل میں کسی نے
مجھکو دیوانہ کیا اِک دل لگی نے۔ ہم سے نہ پوچھ....
سماں ہے آج موسم جواں ہے
ایسی خوشی میں ہمیں ہوش کہاں ہے۔ ہم سے....
جھوم رہی ہے میری مست جوانی
ٹھنڈی ہواؤں نے دل کی کہانی۔ ہم سے نہ پوچھ......

نمبر ۳۰

بس گے جب تک ہم اُن کی باتیں یاد آئیں گی
خوشی کی چھاؤں میں گذری وہ باتیں یاد آئیں گی
میں نے کیا کیا ستم یہ میں نے کیا کیا
اِک ساتھی ملا تھا اُس کو بھی کھو دیا
کھوئی ہوئی کسی کی وہ صورت نظر میں ہے
دل میں ہے زخم داغِ محبت جگر میں ہے
اِک چاہ ہے ذرا سے کہ میں نے بدلہ کیا دیا۔ میں نے....
بھنے لگی ہے اب تو ان آنکھوں میں نیند بھی

ہاتھوں سے اپنے لوٹ لی اپنی ہی زندگی

روتے ہیں اُن کی یاد میں قسمت سے کیا گلہ ہیں سنے.....

دل کی یہ آرزو تھی کبھی آہیں بھرا کرے

اُن کو بٹھا کے سامنے باتیں کیا کرے

رُوٹھا ہے کوئی درد میرے دل میں رہ گیا۔ میں نے....

نمبر ۱۰

اپلا بیل آ رے۔ دل ہیں پیارے پیارے

ماشو شو ماشیری۔ تو میرا میں تیری

ایسے تو آجا رے

اُلفت کی ہے یہ نشیلی ہوا۔ پتھر سا دل پانی ہوا

کالی گھٹا آئی بل کھاتی۔ دیکھو اٹھلاتی

دیکھا ہے تجھے کہیں نہ کہیں۔ لیکن کہاں یاد آتا نہیں

نیناں نہ جانے۔ پر دل پہچانے۔ میرا دل پہچانے

میرے بلم میرے پیارے بلم۔ زباں پہ رہیگا یہی ہردم

زلیمو۔ زلیمو۔ زلیمو۔ اپلا بیل.....

نمبر ۵

کالی گھٹا گھر آئی رے ۔ کالی گھٹا گھر آئی رے
او مدھر ملن ہے سجنا ۔ او مدھر ملن ....
دے رے نا ۔ دے رے نا ۔ دے رے نا
دُور دُنیا سے دیکھو یہ ناؤ چلی ۔ پھر سے دیکھو پُرانی محبت ملی
مدھر ملن ....
جو سے چندا نے ہم پر ڈالی ہنسی ۔ دیکھو لہروں کی سرگم پہ ناچے خوشی
او مدھر ملن .....
آج ارمان کی گودی میں جھومے یہ من
پیار میرا کہے میں تمہاری دُلہن ۔ او مدھر ملن

نمبر ۱۱

اُن کے ستم نے لُوٹ لیا ۔ اُن کے ستم نے لُوٹ لیا
ہائے کیا کریں
آئینہ دل کا ٹوٹ گیا ۔ ہائے کیا کریں
آنسو بھی چھپ کے سو گئے ۔ پلکوں میں رہ کے کھو گئے

آنکھوں پہ چھائی کالی گھٹا ۔ ہائے کیا کریں
سوچا تھا وہ نبھائیں گے ۔ یوں نہ ہمیں رلائیں گے
اپنوں نے ساتھ چھوڑ دیا ۔ ہائے کیا کریں ....
آباد یہ جہان ہے ۔ برباد میری جان ہے
اب موت آکے تو ہی بتا ۔ ہائے کیا کریں ۔
(ختم شد)

عشرتِ شباب

یہ لاجواب کتاب جسے دہلی کے مشہور طبیب حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب کے والد بزرگو، حکیم محمود خاں صاحب نے نوجوانوں کی حالت پر رحم فرما کر تصنیف فرمائی ہے۔ عالمگیر شہرت حاصل کر چکی ہے۔ جس کسی نے اِس کتاب کا ایک صفحہ بھی بغور مطالعہ کیا۔ دل و جان سے اس کا دلدادہ و شیدا بن گیا۔ قابل مصنف نے اس میں اپنی تمام عمر کا تجربہ ختم کر دیا ہے۔ مستورات کے بارے میں نوجوانوں کیلئے وہ ہدایات اور معلومات درج کی ہیں۔ جنہیں یہاں لکھنے کی قانون اجازت نہیں دیتا۔

اگر آپ ابھی تک اِس نایاب چیز سے محروم ہیں۔ تو آج ہی اس کی ایک کاپی اپنے ہاں کے کسی تاجر کتب سے خرید کرلیجئے۔ نہ ملنے پر ہم سے منگائیے۔

قیمت صرف عہ ۔ ڈاک محصول ۴ر

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کسطرح ایک غریب آدمی تجارت کے ذریعہ چند دنوں میں نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ، امریکہ، جاپان کی بڑی بڑی کمپنیوں کے فارمولے، سینکڑوں اشیاء بنانے کے قیمتی نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم۔ پاوڈر وغیرہ روزانہ کام میں آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے ہزاروں بے روزگاروں کو باروزگار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف -/3 محصولڈاک ۱۲/

ملنے کا پتہ:

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

[illegible]